1: محلِ وقوع کی تعریف کریں۔ یا پاکستان کا محل وقوع بیان کریں۔

محل وقوع سے مراد کوئی جگہ یا ملک جغرافیائی لحاظ سے دنیا میں کہاں واقع ہے۔ جغرافیائی محل وقوع کے لحاظ سے پاکستان 24 سے 37 درجے عرض بلد شمالی اور 61 سے 77 درجے طول بلد مشرق کے درمیان پھیلا ہوا ہے۔ پاکستان کے شمال میں چین، مغرب کی جانب افغانستان اور ایران، مشرق کی سمت بھارت اور جنوب میں بحیرۂ عرب واقع ہے۔

2: پاکستان کو کن ماحولیاتی مسائل کا سامنا ہے؟

پاکستان کو درج ذیل ماحولیاتی مسائل کا سامنا ہے:

1. آلودگی
2. جنگلات کا کٹاؤ
3. زمین کا صحرا میں تبدیل ہونا
4. سیم و تھور

3: پاکستان کے قدرتی خطوں کے نام تحریر کریں۔

پاکستان کو قدرتی خطوں کے لحاظ سے پانچ حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے:

1. میدانی خطہ
2. صحرائی خطہ
3. ساحلی خطہ
4. خشک اور نیم خشک پہاڑی خطہ
5. مرطوب اور نیم مرطوب پہاڑی خطہ

گورنمنٹ کرسچین ہائی سکول ڈسکہ

4: زمینی آلودگی سے کیا مراد ہے؟

زمینی آلودگی سے مراد زمین پر گھریلو کوڑا کرکٹ اور فیکٹریوں اور ہسپتالوں کے زہریلے مواد کا پھیلاؤ ہے۔

5: سیم تھور کا مفہوم لکھیں۔

نہری پانی کی وجہ سے زیر زمین پانی کی سطح میں اضافہ ہو رہا ہے۔ جب کسی علاقے میں پانی کی سطح 5.1 میٹر تک رہ جاتی ہے تو زمین میں موجود نمکیات پانی کے ساتھ سطح زمین پر آ جاتے ہیں۔ پانی بخارات بن کر اُڑ جاتا ہے اور نمکیات سطح زمین پر رہ جاتے ہیں۔ اس کے نتیجے میں زمین کاشت کے قبل نہیں رہتی اور بنجر ہو جاتی ہے۔ اس صورتِ حال کو سیم تھور کا نام دیا جاتا ہے۔

6: ساحلی خطہ کی نباتات بیان کریں۔

پاکستان کے ساحلی خطے میں کم جنگلات پائے جاتے ہیں۔ بارش کی کمی کی وجہ سے یہاں ناریل کے درخت عام نہیں ہیں۔ جب کہ ساحلی جنگلات بکثرت ملتے ہیں۔

7: جنگلات کے فوائد بیان کریں۔

1. پاکستان میں توانائی کے وسائل کم ہیں لہٰذا جنگلات کی لکڑی کوئلہ کی کمی کو دور کرتی ہے اور یہ لکڑی جلانے یا توانائی حاصل کرنے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔
2. جنگلات سے حاصل کردہ لکڑی فرنیچر اور دوسری اشیا بنانے کے کام آتی ہے۔ لہٰذا جنگلات ملکہ تجارت میں اہمیت رکھتے ہیں۔

8:پاکستان کی اہم جنگلی حیات کون سی ہیں؟

پاکستان کے شمالی علاقہ جات میں جنگل بلی و برفانی ریچھ، کم بلند پہاڑی علاقوں میں لوٹر کا اہرن اور چیا، جنوبی پنجاب میں نیل گائے، گیدڑ، سانپ اور مور جب کہ تھل اور چولستان میں اونٹ، نیل گائے، صحرائی لومڑی اور شتر مرغ پائے جاتے ہیں۔

9:گلیشیئر کی تعریف بیان کریں اور پاکستان میں پائے جانے والے تین گلیشیئرز کے نام لکھیں۔

پہاڑوں کی وادیوں میں جمی ہوئی برف جو کہ ڈھلوان کی طرف حرکت کرتی ہے گلیشیئر کہلاتا ہے۔ پاکستان کے پہاڑی سلسلوں میں دنیا کے بڑے بڑے گلیشیئرز موجود ہیں، جن میں سیاچن، بولتورو، بیافو، بتورا، ریمو اور ہسپر وغیرہ شامل ہیں۔

10:دریائے سندھ کے دو مغربی معاون دریاؤں کے نام لکھیں۔

دریائے سندھ کے مغربی معاون دریاؤں میں دریائے سوات، دریائے، دریائے کابل، دریائے کرم، دریائے ٹوچی، دریائے گومل، اور دریائے گلگت شامل ہیں۔

11:پانی کو آلودگی سے بچاؤ کے طریقے بیان کریں۔

1. دریاؤں یا نہروں کے پانی میں کسی بھی قسم کی آلودہ چیزیں پھینکنے سے گریز کرنا چاہیے۔
2. پانی کی آلودگی سے بچنے کے لیے فیکٹریوں سے خارج ہونے والے پانی کو فلٹریشن پلانٹ لگا کر صاف کرنا چاہیے۔
3. آبی آلودگی میں کمی کے لیے فلٹریشن پلانٹ نصب کیے جائیں۔

12:غیر دوامی نہروں سے کیا مراد ہے؟

ایسی نہریں جو صرف موسم برسات یا موسم گرما میں بہتی ہیں غیر دوامی نہریں کہلاتی ہیں۔ ان کو ششماہی نہریں بھی کہا جاتا ہے۔

13:صحرازدگی (*Desertification*) کی تعریف کریں۔

انسانی سرگرمیاں، جانوروں کا چرنا، جنگلات سے درختوں کا کٹاؤ اور اپنی ضروریات کے لیے زمین میں بار بار ایک ہی فصل اُگانا، یہ سب مل کر زمین کو بنجر بناتے ہیں۔ اس سے زمین کی زرخیزی قائم نہیں رہتی اور وہ ناقابل کاشت ہو جاتی ہے۔ اس سارے عمل کو جس میں ہم زمین کو ناکارہ بناتے ہیں، کو زمین کا صحرا میں تبدیل ہونا (*Desertification*) کہلاتا ہے

گورنمنٹ کرسچین ہائی سکول ڈسکہ

14:کوہستان نمک کہاں واقع ہے؟

کوہ نمک سطح مرتفع پوٹھوہار کے جنوب میں واقع ہے۔ اس کے مشرق میں دریائے جہلم بہتا ہے۔ کوہِ نمک کی اوسط بلندی تقریباً **700 میٹر** ہے جبکہ سکیسر کے مقام پر اس کی بلندی تقریباً **1500 میٹر** تک پہنچ جاتی ہے۔ اس علاقے کا مشہور دریا **دریائے سواں** ہے۔

15:پاکستان میں نہروں کی اقسام کے نام لکھیں۔

پاکستان میں پائی جانے والی نہروں کی چار اقسام ہیں:

1. طغیانی یا سیلابی نہریں
2. دوامی نہریں
3. غیر دوامی نہریں
4. رابطہ نہریں

16:کون سی سطح مرتفع کو دنیا کی چھت کہا جاتا ہے؟

مرتفع پامیر دنیا کی سب سے بلند سطح مرتفع ہے، جسے دنیا کی چھت بھی کہا جاتا ہے۔

17: زمینی درجہ حرارت میں اضافے کی وجہ سے کس قسم کی موسمیاتی تبدیلیاں وقوع پذیر ہو رہی ہیں؟

زمین کے درجہ حرارت میں اضافہ سے بارشوں میں کمی یا زیادتی، سیلاب کا آنا، بارشوں کے وقت میں تبدیلی جیسی موسمیاتی تبدیلیاں وقوع پذیر ہو رہی ہیں۔

18: جنگلات کے کٹاؤ کے دو نقصانات لکھیں۔

1. جنگلات کے کٹاؤ سے آکسیجن کی پیداوار میں کمی ہو رہی ہے۔
2. جنگلات کے کٹاؤ سے فضا میں نقصان دہ گیسوں مثلاً کاربن ڈائی آکسائیڈ میں کافی مقدار میں اضافہ ہو رہا ہے۔

19: دو دریاؤں کے درمیانی علاقے کو کیا کہتے ہیں؟

دو دریاؤں کے درمیانی علاقے کو دوآبہ کہتے ہیں۔

20: بلوچستان کے کون سے دریا بحیرہ عرب میں گرتے ہیں؟

لوچستان کے دریائے دشت، دریائے ہنگول، دریائے پورالی اور دریائے بحیرہ عرب میں گرتے ہیں۔

گورنمنٹ کرسچن ہائی سکول ڈسکہ